سوال

کیا چلتے پھرتے قرآن کی تلاوت کی جا سکتی ہے؟ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ وضو کیے بغیر اور جوتے پہن کر قرآن پڑھنا جائز نہیں ہے۔

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید کی زبانی تلاوت کرنا کسی بھی وقت جائز ہے، مسلمان کھڑے ہو کر، بیٹھ کر، لیٹ کر، چلتے پھرتے ہر حالت میں قرآن مجید کی تلاوت کر سکتا ہے۔ ایسے ہی جوتے پہنے ہوں یا ننگے پاؤں ہر دو حالتوں میں تلاوت کلام پاک میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا فرماتی ہیں:

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللهَ عَلَى كُلِّ أَحْيَانِهِ (صحیح مسلم، الحیض: 373)

رسول اللہ ﷺ اپنے تمام اوقات میں اللہ تعالی کا ذکر کرتے تھے۔

1. **قرآن (مصحف) کو چھونے کے لیے وضو کرنا افضل اور بہتر ہے۔**

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد